Official Spokesperson's response to media queries regarding tweet by the Pakistani Prime Minister and statement by its Ministry of Foreign Affairs

June 06, 2022

پاکستانی وزیر اعظم کے ٹویٹ اور اس کی وزارت خارجہ کے بیان سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

06 جون، 2022

پاکستانی وزیر اعظم کے ٹویٹ اور اس کی وزارت خارجہ کے بیان سے متعلق میڈیا کے سوالات کے جواب میں، سرکاری ترجمان جناب ارندم باغچی نے کہا:

"ہم نے پاکستان کے بیانات اور تبصروں کو نوٹ کیا ہے۔

اقلیتی حقوق کی زیادہ خلاف ورزی کرنے والے کی مضحکہ خیزی کسی سے مخفی نہیں ہے جب وہ دوسری قوم میں اقلیتوں کے ساتھ ہونے والے سلوک پر تبصرہ کرے۔ دنیا پاکستان کی طرف سے ہندوؤں، سکھوں، عیسائیوں اور احمدیوں سمیت اقلیتوں پر منظم ظلم وستم کی گواہ رہی ہے۔

حکومت ہند تمام مذاہب کا سب سے زیادہ احترام کرتی ہے۔ یہ پاکستان کے بالکل برعکس ہے جہاں متعصبین کی تعریف کی جاتی ہے اور ان کے اعزاز میں یادگاریں تعمیر کی جاتی ہیں۔

ہم پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ خطرے کی گھنٹی بجانے والے پروپیگنڈے اور ہندوستان میں فرقہ وارانہ انتشار کو ہوا دینے کی کوشش کرنے کی بجائے اپنی اقلیتی برادریوں کی حفاظت، سلامتی اور بہبود پر توجہ دے۔

نئی دہلی

06 جون، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.